Secondary Arabic (235)

یونٹ:2 سبق نمبر21:

اشارت المرور

سبق نمبر	سبق کا نام	زبان کی مہارتیں				زندگی کے عملی کام/سرگرمیاں/مہارتیں
		سننا/بولنا	پڑھنا	لکھنا	اصناف/قواعد/صنائع بدائع /اسلوب	
21	إشارت المرور	نئے الفاظ کا جملے میں استعمال کر کے بولنا	● نثر(مضمون) ● افعال نا قصہ کے جملوں کو پڑھنا	متن کی تفہیم کے بعد سوالات کے جوابات	● مضمون ● افعال ناقصہ کے قاعدے	سب کو ٹریفک کے سگنلز کی معلومات ہونی چاہیے ۔معاً اس کے ضوابط پر عمل کر نا

سبق کا خلاصہ:

أســـرة خالد تعيش فى قرية و له ثلاثة أولاد وأكبرهم عبد الله. مرة أراد عبدالله أن يزور عمه في المدينة فركب القطار ووصـل إلى المدينة . وأخذ سيارة أجرة في المحطة إلى بيت عمه. ورأى في الطريق سيارات وحافلات ودراجات نارية تســير في الطريق بنظام بســبب إشـــارات المرور. في أثناء إقامته في المدينة علم عبد الله عن إشارات المرور مثل الإشارات الضوئية والإشارات الأرضية واشارت على الألواح. الإشارات الضوئية ثلاث وهي الضـوء الاحمر والضـوء الاخضر والضـوء الأصـفر. والإشـارات الأرضـية هي خطوط متقطعة والأسـهم الأرضية و كذلك توجد صور ورموز على اللوحات تساعد السابقين والمارين في تنظيم حركات المرور.

نئے الفاظ:

موظف	ملازم،افسر
محطة القطار	ریلوےاسٹیشن
التذكر جمع التذاكر	ٹکٹ
سيارة	کار
عَرَبة	گاڑی
الدراجة النارية	موٹر سائیکل
أخضر	ہرا (مؤنث خضراء)
لوح	بورڈ (جمع الواح)
صفراء	پیلا (مؤنث صفراء)
الماشى جمع الممشاة	پیدل چلنے والا
السهام (جمع الأسهم)	تیر
اجتياز	پار کرنا،عبور کرنا

خاص باتیں:

- ٹریفک سگنل میں تین رنگ ہوتے ہیں: لال،پیلا اور ہرا۔
- سبھی کو ٹریفک سگنل دیکھ کر سڑک پارکرنا چاہیے۔
- ٹریفک کے ضوابط پر عمل کرکے حادثات کو روکا جاسکتا ہے۔
- افعال ناقصہ ایسے افعال کو کہتے ہیں جو اپنے معانی کی ادائیگی کے لحاظ سے ناقص ہوتے ہیں۔
- ایسے افعال جملہ اسمیہ کے اوپر آتے ہیں۔

سمجھنے کی بات:

- انسان زندگی میں اگر قوانین و ضوابط پر عمل کرے اور زندگی اس کے مطابق گزارے تو اس کی اور دوسروں کی زندگی آسان اور خوش حال ہوجائے گی۔

غور کرنے کی باتیں:

- 'افعال' ناقصہ کئی ہیں لیکن عام طورپر استعمال ہونے والے افعال ناقصہ درج ذیل ہیں:

  کان،صار،اصبح،امس،اضحی،ظل،بات،مازال،لیس
- یہ جملہ اسمیہ کے پہلے آتے تو مبتدا کو اسم بنادیتے ہیں۔اسم مرفوع اور خبر منصوب ہوجاتے ہیں۔مثلاً:الولدُ جالسٌ پر اگر 'کان' لگایا جائے تو وہ جملہ ایسا ہوگا: کان الولدُ جالساً
- لیس ایسا فعل ناقص ہے جس کا فعل مضارع نہیں آتایہ ہمیشہ ہی نفی کے لیے استعمال ہوتاہے جیسے:لیس الولدُ جالساً(لڑکا بیٹھا ہوا نہیں ہے)

اپنی جانچ آپ کیجیے:

1- متن پر مبنی سوال:

- نحوی اعتبار سے صحیح جملے پر (✓)کا نشان لگائیں۔

  (الف) كان الحامد ثلاثة أولاد

  (ب) بات عبدالله في القطار نائم

  (ج) فی اثناء اقامته في المدينة علم عبدالله عن إشارات المرور

  (د) أما الإشارات الإرضية فهي عديدة

2- مختصر ترین جواب والا سوال:

- أين كان عم عبدالله موظفا؟

3- **مختصرجواب والا سوال:**

- ماهي الإشارات الضوئية فى إشارات المرور؟

4- **طويل جواب والاسوال:**

- ماهي الإشارات الأرضية و أى شيئ تشير اليه؟